# مانمن خبریں

نمبر 61_ 16جولائی 2017

# مانمن نیوز کی 30 ویں سالگرہ
# 33 زبانوں میں
# پاک روح کا کام دنیا بھر کے لوگوں کو زندگی دے رہا ہے

سب قوموں کے لوگوں کو خدا کی محبت اور قدرت کا پیغام دیتے ہوئے مانمن نیوز کو 30 سال ہو گئے ہیں۔

17 مئی 1987 کو، مانمن جوُنگ انگ نیوز ماہانہ کی بنیاد پر شایع کیا جاتا تھا۔ پہلا انگریزی شمارہ جنوری 1991 میں شائع ہوا اور اسی سال اکتوبر میں چرچ کے 9 ویں یومِ تاسیس پر یہ جریدہ ہفتہ وار شائع کیا جانے لگا۔ اکتوبر 2009 میں 27 ویں یومِ تاسیس پر 300 ویں شمارے کا نیا نام مانمن نیو رکھا گیا۔ فی الوقت یہ آن لائن اور آف لائن دونوں طرح سے شائع ہو رہا ہے اور کلیسیا کی ادبی خدمات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

❖

نومبر 2012 سے شروع کر کے، چرچ کے 30ویں سال میں www. manminnews.com کا اجرار کیا گیا۔

موجودہ صورت حال میں مناسبت کے ساتھ اس کی اشاعت ہفتہ وار، پندہ روزہ، ماہانہ اور سہ ماہی کی بنادوں پر کی جا رہی ہے۔ اس میں کلامِ حیات، بائبل مقدس کی واضح تشریحات، خصوصی مضامین شامل ہوتے ہیں جن میں کئی سوالات کے روحانی جوابات دیئے جاتے ہیں، اُن لوگوں کی گواہیاں ہیں جنھیں خدا کے کام کا تجربہ ہوا، اور کوریا اور بیرون کوریا سے چرچ کی خبریں شامل ہوتی ہیں۔ مختلف نوعیت کے یہ مشمولات اراکین کو موقع دیتے ہیں کہ وہ زیادہ احسن طور سے انجیل کو پھیلائیں اور اُن کے ایمان کی ترقی کا موقع بھی ہوتا ہے۔

مانمن نیوز کے پسند کرنے والے کوریا اور کوریا سے باہر بھی موجود ہیں اور یہ راہِ نجات کیلئے ایک مرکزی ذریع ابلاغ کا کام کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں، نیوز پیپر کے وسیلہ سے پاک کے کام رونما ہوتے ہیں اور لوگوں کو خدا کے قدرت بھرے کاموں کا تجربہ ہوتا ہے (دیکھیں صفحہ نمبر 3 اور 4)۔

پاسٹر ڈینئیل روزن، صدر اسرائیلی پاسبان ایسو سی ایشن نے تاثرات بیان کرے ہوئے کہا کہ،" میں مانمن نیوز کا دلی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ وہ خدا کا کلام اور خدا کے قدرت بھرے کام دنیا کے کونے کونے میں پھیلا رہا ہے۔ مبارک گواہیاں اور اسباق حوصلہ افزائی کا منبع ہیں اور ہمیں اس سے خدا کی بادشاہی کو بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔ میں سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کا شکر گزار ہوں مانمن نیوز کی اشاعت پر جو دنیا بھر کے لوگوں کو راہِ نجات دکھاتا ہے۔ مانمن نیوز کو 30 ویں یومِ تاسیس پر مبارکباد۔"

مشنری وونگ پِنگ پِنگ از سنگا پور کہتے ہیں کہ "مانمن نیوز پڑھنے میں آسان ہے، اور قاری کو بہت زیادہ روحانی علم سیکھنے اور اپنی زندگی کے مسائل حال کرنے کا موقع دیتا ہے۔ اس سے گواہیوں کے وسیلہ سے ایمانی ترقی بھی ہوتی ہے۔ یہ ایک موثر ذریع ہے جس سے قاری کی ضرورت آسودہ ہوتی ہے کیونکہ اس میں کئی مختلف موضوعات پر مضامین شامل ہوتے ہیں۔"

ڈیکنیس ایواموتو یوکو از اوساکا مانمن چرچ جاپان کا کہنا ہے کہ" میں نے اپنی زندگی میں مانمن نیوز سے بہت فائدہ پایا ہے۔ جب میں پریشانیوں کا شامنا کرتی تھی تو گواہیاں مجھے یاد آتی تھیں اور میں ایمان کے ساتھ اُن پر غالب آتی تھی۔ جریدہ میں کلامِ حیات میں مختلف موضوعات پیش کئے جاتے ہیں جو نہایت آسان اور سمجھ میں آنے والے ہوتے ہیں۔ میں کالم، گواہیاں اورخبروں پر مشتمل مضامین اپنے فیس بُک پر بھی اپ لوڈ کرتی ہوں اور لوگ اسے پسند کرتے ہیں۔"

❖

ایلڈر ہونگی پارک (صدر میل ڈسٹرکٹ لیڈرز ایسو سی ایشن ممبر آف ایکسپرٹ کمیٹی بمقام لی اینڈ کو لأ فرم، اور ہانسول پی این ایس انسپکٹر) سات سال سے آلودگی کی وجہ سے ایک بیماری کا شکار تھے۔ انہوں نے مانمن نیوز پڑھا اور چرچ آئے۔ انھوں نے بیان کیا کہ "میرے گھر کی دہلیز پر ملنے والے مانمن نیوز نے بیس سال پہلے چرچ آنے میں میری راہنمائی کی۔ اس وقت مجھے سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کی دعا سے شفا ملی، میری زندگی شکر گزاری اور شادمانی اور نئے یروشلیم کی سے بھرپور ہے۔ مجھے امید ہے کہ نیوز پیپر اُن لوگوں کے ہاتھوں میں بھی پہنچایا جائے گا جو میری طرح مایوسی میں رہ رہے تھے۔ میں مانمن نیوز کا شکر گزار ہوں کہ وہ لوگوں میں شفا اور زندگی بانٹ رہا ہے۔"




آئیں سارا جلال خدا کو دیں اور شکر کریں جس نے 30 وی یومِ تاسیس تک بے شمار لوگوں کو دنیا بھر میں نجات، آسمانی امید، اور بے حد محبت اور فضل کے ساتھ شادمانی سے سرشار کیا ہے۔

# پھر، نجات کا وہ کون سا بھید ہے جسے خدا نے زمانوں سے بھی پیشتر سے پوشیدہ رکھا؟

"بلکہ ہم خدا کی وہ پوشیدہ حکمت بھید کے طور پر بیان کرتے ہیں جو خد انے جہان کے شروع سے پیشتر ہمارے جلال کے واسطے مقرر کی تھی"(1-کرنتھیوں 2: 7)۔

زمانوں سے پہلے خدا نے انسانی نجات کا منصوبہ تشکیل دیا اور ایک راہ تیار کی جس کے وسیلہ سے دنیا کے لوگ نجات پا سکتے تھے۔ اور اس نے اپنے اس منصوبے کو پوشیدہ رکھا جب تک کہ مقررہ اور مناسب وقت نہ آگیا۔ پھر، نجات کا وہ کون سا بھید ہے جسے خدا نے زمانوں سے بھی پیشتر سے پوشیدہ رکھا؟

## 1۔ انسان کی نجات کی راہ کا منصوبہ پیشتر سے تیار کردہ تھا

آدم اور حوا کے سانپ کے ہاتھوں آزمائے جانے کے بعد اور نیک و بد کی پہچان کے درخت میں سے پھلا کھانے کے بعد، خدا نے انسان کی نجات کی پیشین گوئی کی تھی۔ پیدایش 3: 15 میں کہا گیا ہے کہ "اور میں تیرے اور عورت کے درمیان اور تیری نسل اور عورت کی نسل کے درمیان عداوت ڈالوں گا۔ وہ تیرے سر کو کچلے گا اور تُو اس کی ایڑی پر کاٹے گا۔"

روحانی طور پر "عورت" اسرائیل کی طرف اشارہ ہے جبکہ "عورت کی نسل" یسوع مسیح کی علامت ہے جسے بنی اسرائیل میں سے آنا تھا(مکاشفہ 12: 5)۔ خدا نے یسوع مسیح کی مصلوبیت کی پیشین گوئی کی جسے بنی اسرائیل قوم سے آنا تھا جو دشمن ابلیس اور شیطان کے اختیار کو توڑے گا اور سب انسانوں کو نجات دے گا۔ چونکہ شیطان بھی اس بات سے واقف تھا اس لئے اُس نے ہمیشہ نجات دہندہ کی آمد پر ہر وقت پریشانی اور گھبراہٹ کی حالت میں نظر رکھی۔

پھر بیت لحم نامی ایک گاؤں میں آج سے تقریباً 2000 سال پہلے یسوع کی پیدایش ہوئی اور دشمن ابلیس نے ہیرودیس بادشاہ کو اکسایا جو اُس وقت اسرائیل پر حکمران تھا اور یسوع کے قتل کی کوشش کی۔ خداوند کا فرشتہ خواب میں ظاہر ہوا ور یوسف کو بتایا اور یوسف یسوع کو لے کر مصر کو بھاگ گیا۔ شیطان نے فریسیوں اور کاہنوں کو اُکسا کر کئی بار یسوع کے قتل کی کوشش کی لیکن خدا نے اُسے ہمیشہ محفوظ رکھا۔

بہر حال، جب خدا کا مقرر کردہ وقت آیا تو یسوع بُرے لوگوں نے یسوع کو پکڑا اوراُس نے صلیب پر نہایت دکھ اور اذیت سے جان دی۔ شیطان کا خیال تھا کہ سب کچھ یسوع کی موت کے ساتھ ہی ٹھیک ہو گیا ہے لیکن یہاں پر خدا کا بھید موجود ہے۔ بے گناہ یسوع کو مار کر دراصل شیطان ہی خدا کے پیشتر سے مقرر کردہ منصوبہ کی تکمیل کا ہتھیار بن گیا۔

## 2۔ یسوع مصلوب ہوا اور مرُدوں میں سے جی اٹھا

رومیوں 6: 23 میں پائے جانےو الے روحانی قانون " گناہ کی مزدوری موت ہے" کے مطابق، موت کی سزا کا اطلاق صرف گنہگاروں پر ہوتا ہے۔ بہرحال، جیسے ہی دشمن ابلیس نے یسوع مسیح کو ماردیا جو کہ بے گناہ تھا، اُس نے آخر کار روحانی عالم کے قانون کو توڑا اور اپنے اس جرم کی پاداش میں دشمن ابلیس کو اپنا سارا اختیار ہارنا پڑا۔ وہ اختیار جو اُسے انسان پر حکمرانی اور موت کی صورت میں حاصل تھا۔

اگرچہ یسوع صلیب پر مر گیا تھا تو بھی اُس نے موت پر فتح پائی اور مردوں میں سے جی اٹھا کیونکہ وہ بے گناہ تھا۔ لہٰذا، جو کوئی خداوند پر ایمان لائے جو صلیب پر مر گیا تھا اور مردوں میں سے جی اٹھا ہے، وہ بھی دشمن ابلیس کے



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

موت کے اختیار سے چھوٹ جائے گا اور اُسے آسمان پر جانے کی اجازت مل جائے گی (رومیوں 5: 18-19)۔ مزید یہ کہ، خدا کا کلام جو پیدایش کی کتاب میں ہے – "وہ تیرے سر کو کچلے گا" – پوا ہو گیا۔

اگر دشمن ابلیس کو صلیب کے پیشگی منصوبہ کا علم ہوتا تو وہ کبھی یسوع کو پکڑ کر نہ مارتا (1-کرنتھیوں 2: 8-9)۔ چونکہ یسوع کو جو خدا کے ساتھ ایک ہے، اس پیشگی منصوبے کا علم تھا، اس لئے اُس نے خدا کے مرضی کے مطابق وفاداری سے جان دی اور نجات کے پیشتر سے مقررہ منصوبے کی تکمیل کی۔

پس، جیسا کہ رومیوں 10:10 ہمیں بتاتی ہے،" کیونکہ راستبازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لئے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے "جو کوئی ایمان کے وسیلہ خداوند میں ایک ہو جاتا ہے وہ خدا کے فضل سے نجات پاتا ہے۔

## 3۔ جب ہم یسوع مسیح پر ایمان لاتے ہیں اور اس کے مشابہ ہو جاتے ہیں تو نجات پاتے ہیں

ایسا کہنے سے کیا مراد ہے کہ" ہم خداوند میں ایمان کے وسیلہ ایک ہو جاتے ہیں؟" یوحنا 6: 56 میں یسوع ہمیں بتاتا ہے کہ، "جو میرا گوشت کھاتا اور میرا خون پیتا ہے وہ مجھ میں قائم رہتا ہے اور میں اُس میں۔" ابنِ آدم کا گوشت کھانے اور خون پینے کا اشارہ اس طرف ہے کہ ہم اُس کے کلام کو روز مرہ کی روٹی بنائیں، اس کے مطابق زندگی گزاریں اور اُس پر اپنے ایمان کا ثبوت دیں۔ تب ہم خداوند میں قائم رہیں گے اور خداوند ہمارے ساتھ۔

بے شک، خداوند کو قبول کرنے کے فوراً بعد ہی کلام کے مطابق زندگی گزارنا آسان نہیں ہوتا۔ بہرحال، جب ہم اپنے دل کو کوشش کرتے ہیں کہ خدا کے کلام کی پیروی کریں تو خدا ہمارے اس عمل کو ایمان کا عمل شمار کرے گا۔ خدا کے کلام کو روز کی روٹی بنانا اور خداوند کے مشابہ ہوناوہ راہ ہے جس سے ہم ایمان کے ساتھ خداوند میں ایک ہو جاتے ہیں۔

1-یوحنا 1: 7 ہمیں بتاتی ہے کہ "لیکن اگر ہم نُور میں چلیں جس طرح کہ وہ نُور میں ہے تو ہماری آپس میں شراکت ہے اور اس کے بیٹے یسوع کا خون ہمیں تمام گناہ سے پاک کرتا ہے۔" جب ہم خدا کے کلام یعنی "نور میں" چلتے ہیں، تو یسوع کا خون ہمیں سارے گناہ سے پاک کرے گا۔ مزید یہ کہ، ہم جی اٹھنے کے جلال میں شریک ہوں گے اور آسمان کی ابدی بادشاہی میں شاندار زندگی گزاریں گے۔

## 4۔ نئے سرے سے پیدا ہونے کے بعد جب ہم نُور میں چلتے ہیں تو خدا کے حقیقی فرزند بن جاتے ہیں

کاشفہ 3: 20 ہمارے خداوند نے ہمیں بتایا ہے کہ "دیکھ میں دروازہ پر کھڑا ہوا کھٹکھٹاتا ہوں۔ اگر کوئی میری آواز سن کر دروازہ کھولے گا تو میں اس کے پاس اندر جا کر اس کے ساتھ کھانا کھاؤں گا اور وہ میرے ساتھ۔ "جو کوئی اپنے دل کا دروازہ کھول کر یسوع کو قبول کرتا ہے، ہمارے خداوند کا وعدہ ہے کہ اُسے معاف کرے گا اور اس کے ساتھ ہو گا۔

ہمارے دلوں کا کھولا جانا اس بات کا متقاضی ہے کہ ہماری سوچوں کے دروازے بھی کھولے جائیں۔ جب خدا کا کلام سُنیں تو لازم ہے کہ ہم اپنی سوچوں اور علم سے چمٹے نہ رہیں بلکہ خدا کے کلام کو قبول کریں۔ تب ہی پاک روح ہمارے دلوں میں آ کر ہمیں ایمان اور خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزارنے کی قوت بخشے گا۔

اس طرح ہم پانی اور پاک روح کے وسیلہ سے نئے سرے سے پیدا ہوتے ہیں اور اس طرح جو کوئی نئے سرے سے پیدا ہوتا ہے وہ خدا کا ایسا فرزند ہے جس کا نام آسمان پر کتابِ حیات میں لکھا جاتا ہے جہاں کا وہ اب شہری ہے۔ جس طرح دنیا میں اطاعت و فرمانبرداری کے قانون اور ضابطے ہوتے ہیں اسی طرح آسمان پر بھی ہیں جو ہمیں اپنے خدا باپ کے کلام میں ملتے ہیں۔ جب ہم نُور میں چلتے ہیں تو ہم دشمن ابلیس کے حربوں میں نہیں آئیں گے۔ بلکہ آسمان پر پہنچنے کے دن تک ہم خدا کی حفاظت میں رہیں گے اور اُس کی بیش بہا برکات کے سایہ میں رہیں گے۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو، اعمال 16: 31 میں پڑھتے ہیں کہ،" انہوں نے کہا، خداوند یسوع پر ایمان لا تو تو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا۔ "خدائے محبت نے یسوع مسیح کو اس لئے تیار کیا تا کہ ایمان کے وسیلہ سب لوگ نجات تک پہنچ سکیں۔

خدا نے اسے بھید رکھا اور مقررہ وقت آنے پر خدا وند نے اپنی محبت سے صلیب پر جان دے کر انسان کی نجات کی راہ کھولی۔ خدا نے اس بات کو ممکن بنایا کہ جو کوئی یسوع مسیح پر ایمان لائے وہ روح القدس اور نجات پا سکتا اور جی اٹھ کر آسمان پر ہمیشہ کی زندگی سے لطف اندوز ہو سکتا ہے۔

میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ خدا کی محبت کو محسوس کریں، مخلص دل پائیں جس میں ایمان کا پورا یقین ہو اور خدا کے فرزند کی حیثیت سے دائمی آسمان میں داخل ہو سکیں۔

### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔
2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔
3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔
4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مرِدوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔
5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال25:17)
"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال12:4)

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرِو ڈونگ 3، گرِوُ ـ گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

# "انجیل کی شادمانی صرف وہی جانتا ہے جو اس کی منادی بھی کرتا ہے"

کوریا اور بیرون کوریا سے ایسی بے شمار گواہیاں ہیں کہ مانمن کے اراکین اپنی معذوریوں، بیماریوں سے شفا پا گئے اور صحت یاب ہوئے جب انہوں نے خدا کے فضل کیلئے شکر گزار ہوتے ہوئے مانمن نیوز تقسیم کیا۔




ڈیکن فیبرائس فلاندرے، عمر 49سال، مانمن چرچ بیلجئم

## "میں یورپ میں پاک روح کے کاموں کی منادی کرتا ہوں جہاں خدا کی قدرت کی بڑی شدت سے ضرورت ہے"

جس وقت میں حقیقی چرچ اور چرواہے کی تلاش میں تھا، تو ایسا ہوا کہ اپریل 2011 میں پاسٹر کرسٹینا روہ کی قیادت میں منعقدہ رومالوں کے ذریعہ کی جانے والی شفائیہ عبادت میں شرکت کی (اعمال 19: 11-12)۔ اس کے بعد، میں نے چرچ کی ویب سائٹ دیکھی اور پیغامات سُنے اور فنی مظاہری کے ساتھ ساتھ سمندر پار کروسیڈز بھی دیکھے۔ پاسٹر روہ اور میں ہر ہفتہ کی دوپہر کو میں 2012 سے مانمن نیوز کالیروئی میں تقسیم کرتے تھے۔ وہ سارے یورپ کے علاوہ بیلجئم میں بھی انجیل کی منادی کرنا چاہتے تھے اور اس سے بھی زیادہ یہ کہ ہماری یہ خواہش تھی کہ یورپ میں مزید کلیسیائی شاخیں قائم کی جائیں۔

بیلجئم کا دارالخلافہ یورپی یونین کا فیکٹو کیپیٹل بھی ہے کیونکہ مرکزی دفتر وہاں پر ہے۔ اندازہ ہے کہ خدا کی قدرت کے کاموں کی وہاں بہت بنیادی ضرورت ہے کیونکہ لوگوں کو ایمان پر آمادہ کرنا آسان نہیں ہے جب تک وہ نشانات اور عجائب نہ دیکھ لیں۔ یہ اُن وجوہات میں سے ایک ہے کہ میں پُرجوش انداز سے انجیل کی منادی کرتا ہوں۔ میں نے کئی خاندانوں کو انجیل کا پیغام دینے کی کوشش کی، کام پر کئی ساتھیوں کو اور پڑوسیوں اور دوستوں کو بھی۔ میں نے گلیوں میں بھی لوگوں میں مانمن نیوز تقسیم کیا۔ میرا خیال ہے کہ انجیل کی منادی کا یہ موثر طریقہ ہے۔

ہفتہ وار جریدہ تقسیم کرنے کے دوران، مجھے خداوند کی محبت کا تجربہ ملا، نئے آنے والوں کو چرچ تک راہنمائی ملی اور طویل مدت سے غیر حاضر اراکین واپس آئے۔ اسی دوران، خدا نے مجھے بہت برکت دی جس کی مجھے توقع بھی نہیں تھی۔ 2015 میں مانمن موسمِ سرما ریٹریٹ کے دوران، مجھے سماعت کی کمی سے شفا مل گئی۔ میری قوتِ سماعت صرف 40 فیصد تھی لیکن اب میں صاف صاف سن سکتا ہوں۔ ہالیلویاہ!




سسٹر تیریضہ ناکامہ، عمر 80 سال، پیرو مانمن چرچ

## "میں کلامِ حیات عام کئے بغیر نہیں رہ سکتی"

2011 میں جب میں نے چرچ جانا شروع کیا تب مجھے سمجھ میں آیا کہ زندگی کا حقیقی مطلب کیا ہوتا ہے۔ میں وعظ "محبت کا باب" اور "نیکی" سُن کر ششدر رہ گئی کیونکہ لوگ جس بات کو محبت سمجھتے تھے اس میں اور اس محبت میں اور خدا کی محبت کے علم میں بہت فرق تھا۔

میں نے سُنا کہ یہ بیش قیمت کلام ڈاکٹر جے راک لی کی طرف سے ہے جو مانمن سینٹرل چرچ کے سینئر پاسٹر ہیں۔ انہیں دعا اور روزہ کے جواب میں پھل کے طور پر یہ کلام خدا کی طرف سے ملا ہے۔ بعد ازاں مجھے آسمانی امید بھی مل گئی۔ جیسے جیسے میں نے خداوند کے بارے میں زیادہ سیکھا، تو مجھے اپنی زندگی میں تبدیلی کا تجربہ ہوا اور میری شخصیت بدل گئی۔ اب میری زندگی اطمینان سے بھرپور ہے۔

فضل کیلئے شکر گزار ہوتے ہوئے میں نے ممکنہ حد تک لوگوں میں انجیل کی خوشخبری پہنچانے کی کوشش کی، اس لئے میں نے مانمن نیوز تقسیم کرنا شروع کیا۔ میں اسے دن رات تقسیم کرتی ہوں جس میں کلامِ حیات، خدا کی محبت اور اُن ایمانداروں کی گواہیاں شامل ہیں جو خدا کی قدرت کے وسیلہ سے تبدیل ہو گئے ہیں۔

اتوار کو، میں ہسپتالوں میں اور اپنے چرچ اراکین کے ساتھ گلیوں میں بھی تقسیم کرتی ہوں۔ اب میں پہلے سے زیادہ صحت مند ہوں ہوں اور ناقابلِ بیان شادمانی سے بھرپور ہوں۔

میں سینئر پاسٹر کی شکر گزار ہوں جو کلامِ حیات پیش کرتے ہیں جس سے ہمیں خدا اور خداوند کی مرضی اور ارادوں کا علم ہوتا ہے۔




سینئر ڈیکنیس جونگے کم عمر 70 سال، پیرش 31، مانمن سینٹرل چرچ

## "میرے شوہر مانمن نیوز گھر لائے اور چرچ جانے کا مشورہ دیا"

میں چرچ گئی لیکن اب بھی مجھے کلامِ حیات کی شدید روحانی پیاس تھی۔ ایک دن میرے شوہر ایک جریدہ گھر لائے اور مجھے دیا۔ انہوں نے کہا کہ آؤ چرچ چلیں۔ وہ جریدہ مانمن نیوز تھا۔

اُن کے ساتھ مئی 1993 میں، میں مانمن سینٹرل چرچ گئی۔ چرچ میں پہلی بار خصوصی بیداری کی عبادت کا انعقاد کیا جا رہا تھا۔ میں پہلی بار چرچ گئی تھی، لیکن مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے میں گھر پہنچ گئی ہوں۔ ایسا لگا کہ وہاں جا کر خدا نے مجھے گلے لگا لیا ہو۔

سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی آسمان پر مختلف سکونت گاہوں کے بارے میں کلام سُنا رہے تھے۔ میں نے ایسا پیغام پہلے کبھی نہیں سنا تھا حالانکہ میں درجنوں سال سے چرچ جا رہی تھی۔ یہ میرے لئے شہد سے بھی میٹھا تھا۔ ہر عبادت میں میرے آنسو نکل آتے تھے۔

سینئر پاسٹر جے راک لی کے وعظوں کے وسیلہ سے مجھے شعور ملا کہ مسیحی زندگی کا مقصد خداوند جیسا مزاج پانا ہے۔ میں نے دانی ایل کی دعائیہ میٹنگ میں بڑی جانفشانی کے ساتھ دعا کی اور ہر میٹنگ میں پہلے سے بھی زیادہ ہدیہ دیا اور خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کی۔ اسی دوران میرے شوہر کا کار ایکسیڈنٹ ہو گیا اور اُن کو اپنی گاڑی کباڑ میں نکالنا پڑی، لیکن اُن کو کوئی چوٹ نہیں آئی تھی۔ انہیں خدا کے اس عجیب کام کا تجربہ ہوا۔

میں خدا کی بہت شکر گزار ہوں اور میں نے مانمن نیوز کی تقسیم شروع کی جس سے میرے گھر والوں کو چرچ تک راہنمائی ملی۔ میں اور میرا شوہر 17 سال سے مانمن نیوز کی ہفتہ وار تقریباً چھ سو نقول تقسیم کرتے ہیں خواہ بارش ہو یا برف باری ہو رہی ہو۔

میں صرف اس بات کیلئے شکر گزار ہوں کہ مجھے لوگوں تک مانمن پہنچانے کا فضل دیا گیا ہے۔ خد انے مجھے صحت بخشی ہے اور کوئی بیماری نہیں حالانکہ اب میری عمر 70 برس ہے۔ میں بُوچیان گیونگی صرف سے سفر کرکے گورو ڈونگ سیول چرچ جاتی ہوں اور دانی کی دعائیہ میٹنگ میں شریک ہوتی ہوں۔ میں اپنے مشن گروپ کی لیڈر کے طور پر خداداد فرائض کو انجام دے رہی ہوں۔ مجھے امید ہے کہ میں خداوند کی خوبصورت دلہن بنوں گی اور مسیح کی مہک مجھ سے نکلے گی اور میں زندہ خدا کی محبت عام کروں گی۔

# "میں مانمن نیوز تقسیم کرتا ہوں جس میں کلامِ حیات اور برکات ہیں"

برادر مئویونگ کل بینگ، عمر 41 سال،
نیویارک انٹرنیشل مانمن چرچ امریکہ




فروری 2011 میں میری ماں نے مجھ سے بڑی حلیمی کے ساتھ درخواست کی کہ ویب سائٹ پر مانمن سینٹرل چرچ دیکھوں اور وعظ کا مواد پڑھوں جس کا عنوان ہے "ایمان کا پیمانہ۔" یہ اتنا دلچسپ تھا کہ مجھے وقت گزرنے کا احساس بھی نہ ہوا۔ میں پرکھ سکا کہ میں ایمان کے کس درجہ پر ہوں اور مجھے بہتر آسمانی مقام اور اجر کی امید ملی۔ وعظوں نے پیدایش کی کتاب کی واضح تشریح دی اور اس کی روح اور بدن کے بارے میں بائبل بنیاد پر معلومات موجود تھیں جن کا مجھے پہلے علم نہ تھا۔

اس کے بعد میں نے غیر محسوس طریقہ سے اپنی بری عادتیں ترک کرنا شروع کیااور دعا کرنا شروع کر دی۔ میں سوچا کرتا تھا کہ خدا مجھ سے بہت دُور ہے اور وہ بہت سخت ہے۔ لیکن میں نے اُسے بہت ہی حلیم باپ کے طور پر محسوس کیا جس میں بہت محبت پائی جاتی ہے۔ میں نے جی سی این (www.gcntv.org) پر وعظ کے پروگرام دیکھے۔ جب میں نے سینئر پاسٹر کو دیکھا تو اُس کے لئے بہت شکر گزار ہوا اور میرے آنسو بہنے لگے۔ اسی دوران، مجھے اُن لوگوں پر ترس آنا شروع ہوا جنہوں نے انجیل نہیں سُنی تھی۔

اگست 2015 میں، میں نے مانمن سمر ریٹریٹ میں شرکت کی اور نیویارک انٹرنیشل مانمن چرچ امریکہ جانا شروع کیا۔ میں مینہاٹن نیویارک میں ٹیکسی ڈرائیور ہوں۔ مجھے چرواہے کے سایہ میں تحفظ اور برکت ملی۔ میں مانمن نیوز بھی ٹیکسی میں رکھتا ہوں جس میں کلامِ حیات اور قدرت بھرے کام شامل ہوتے ہیں اور مہمانوں کو دیتا ہوں۔ جب میں کسی دور دراز علاقہ میں جاؤں تو ڈاک کے ڈبے میں اس امید کے ساتھ ڈال دیتا ہوں کہ وہاں کے رہائشیوں کو خدا کے ساتھ ملاقات کا موقع ملے۔

میری ماں بہت کمزور تھی لیکن اس کو ہڈیوں کے مرض گنٹھیا سے شفا ہوئی لیکن مانمن دعائیہ مرکز میں صدر بوکنم کی دعا سے ایسے صحت مند ہو گئیں جیسے ان کو کبھی زکام تک نہ ہوا ہو، جب انہوں نے 2011 میں کوریا جا کر سمر ریٹریٹ میں دعا کروائی۔ اب وہ ایک چرچ میں خدمت کر رہی ہیں اور ایک یتیم خانہ چلا رہی ہیں۔ چونکہ وہ دن کا آغاز سینئر پاسٹر کی دعا سے کرتی ہیں لہٰذا ان کے بچے صحت مند ہیں اور چرچ کو مالی برکات مل رہی ہیں۔

میں سارا جلال خدا کو دیتا ہوں جس نے مجھے مانمن سینٹرل چرچ کے بارے میں آگاہی دی، اپنی مرضی کو سمجھنے میں راہنمائی دی اور چرواہے کے سایہ میں میں نے اُس سے بھی زیادہ برکت پائی جتنا میں نے بیج بویا تھا۔

## پردیس سے ایک خط

عزیز سینئر پاسبان ڈاکٹر جے راک لی اور مانمن اراکین ہم مالدیپ کے اراکین ہیں جن کی تجدید سینئر پاسبان کے پیغام سے ہوئی اور نئے یروشلیم کی طرف گامزن ہیں۔

ہم انٹرنیٹ کے ذریعہ مانمن سینٹرل چرچ کی عبادت میں شریک ہوتے ہیں اور اُسی روحانی بہاؤ میں چلنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم اتوار کی صبح کو ریکارڈ کردہ ویڈیو کے ذریعہ صبح کی عبادت کرتے ہیں کیونکہ وقت مختلف ہوتا ہے اور شام کی عبادت میں بھی مقامی عبادت گاہ میں شریک ہوتے ہیں۔ ہم دانی ایل کی دعائیہ میٹنگ کا انعقاد کرتے ہیں اور رات 8 بجے سے لے کر دو گھنٹے روزانہ دعا کرتے ہیں۔

ہمیں مستقل بنیادوں پر روسی زبان میں مانمن نیوز موصول ہوتا ہے۔ اس سے ہمارے ایمان کی ترقی میں مدد ملتی ہے اور انجیل کی منادی میں مدد گار ہے۔ ہم اس کا پی ڈی ایف بھی ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں اورمزید ضرورت ہو تو شائع شُدہ نقول بھی حاصل کرتے ہیں۔ بہر حال مالیدیپ کے نوجوان ان دنوں روسی زبان نہیں سیکھتے بلکہ وہ روسی کے بجائے رومانیہ کی زبان استعمال کرتے ہیں، بالخصوص دیہی علاقوں میں۔



ہم نے سنا ہے کہ جلد ہی روسی زبان میں بھی مانمن نیوز شائع ہو گا جو بہت خوشی کی بات ہے اور ہمارے لئے شادمانی ہے۔ میں رومانیہ کی زبان میں مانمن نیوز کیلئے چرچ کا شکر گزار ہوں۔ میں سینئر پاسٹر کا شکر گزار ہوں جو ہمیں محبت اور قربانی کے ساتھ اپنے ساتھ شریک کرتے ہیں۔

دنیا بھر سے ضرورتمند ایمانداروں کی درخواست پر مانمن نیوز 32 زبانوں میں دستیاب ہے۔ جون 2017 میں رومانیہ کی زبان کا شمارہ شایع ہو گا تو رومانیہ اس کی 33 ویں زبان ہو گی۔

# "مانمن نیوز پڑھ کر میں حاملہ ہوئی اور میرا بیٹا محفوظ رہا"

سینئر ڈیکنیس بیونگرے مُن،
عمر 82سال، پیرش، مانمن سینٹرل چرچ

جب میرے بڑے بیٹے کو کالج میں داخلہ حاصل کرنے میں ناکامی ہوئی تو ہمارے گھرانے پر ایک تاریک سایہ منڈلانے لگا اور بہت ذہنی کوفت برداشت کی۔ وہ یہاں وہاں بھٹکنے لگا اور گاؤں میں اونچی اونچی آوزسے چیختا تھا۔ میں نے اُس کے لئے ٹونہ ٹوٹکا کیا اور اُسے ہسپتال لے گئی۔ لیکن اُس پر کوئی چیز کارگر نہ ہوئی۔ میں نے کئی سال آنسوؤں میں گزارے اور بہت تکلیف اٹھائی۔

ایک دن، 1993 میں ایک ساتھی نے مجھے مانمن نیوز دیا اور کہا کہ ڈاکٹر جے راک لی کی دعاؤں سے بہت لوگوں کو شفا ہوئی ہے جو مانمن سینٹرل چرچ کے پاسبان ہیں۔ میں نے وہ جریدہ پڑھا اور میں قائل ہو گئی کہ میرے بیٹے کیلئے بھی یہی راہ ہے۔ میں سیوسان، چُنگنام سے سیوئل گئی اورایک پرانے سے کاغذ پر موجود نقشے کی مدد سے چرچ تلاش کیا۔ میں نے مانمن سینٹرل چرچ میں رُکنیت اختیار کی۔

پیغام سُن کر میں نے جانا کہ میں بُت پرستی کے گناہ میں پڑی تھی جس سے خدا کو سب سے زیادہ نفرت ہے اور میں نے پوری طرح اس بات سے توبہ کی۔ پھر میرا بیٹا اپنی دماغی بیماری سے آزاد ہوا۔ ہالیلویاہ!

1998 میں، دماغ کی شریان پھٹنے کے باعث میرا دوسرا بیٹا بے ہوش ہو گیا۔ اُس کے بچ جانے کا صرف 30 فیصد امکان تھا۔ بہر حال، جب اُس پر رومالوں کے ساتھ دعا ہوئی (اعمال 19: 11-12) تو وہ صحت میں بحال ہو گیا۔ 2002 میں مجھے کمر کے مہروں کا عارضہ لاحق ہوا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ تفصیلی آپریشن ضروری ہے تا کہ ریڑھ کی ہڈی کو نکالا جائے اور اُس کی جگہ مصنوعی ہڈی لگائی جائے۔ سینئر پاسٹر کی دعا کے بعد مجھے مکمل طور پر شفا ہو گئی۔

ان میرا خاندان ہر گھڑی خداوند میں مطمئن ہے۔ میرا دوسرا بیٹا اپنے کاروبار میں مندی کے باوجود بھی مالی برکات پا رہا ہے۔ اُس نے ایک اور بڑے کاروبار کا رُخ کیا اور میری بہو نائب ضلعی لیڈر کے طور پر کام کر رہی ہے۔ میری بیٹی سیل لیڈر ہے اور گولڈن لائٹ کوائر کی رُکن ہے اور میرا داماد مانمن رضاکار گروپ کا رُکن ہے۔ ہم سب آسمانی امید میں زندگی گزار رہے ہیں۔

میں بہت سی خاندانی اور زندگی کی دیگر مشکلات میں تھی جن سے نمٹ نہیں سکتی تھی لیکن مانمن نیوز ہی ہے جس نے زندگی اور قدرت والے چرچ تک میری راہنمائی کی۔ میں سارا جلال خدا کو دیتی اور شکر گزار ہوں جن نے مجھ تک کہ بابرکت جریدہ پہنچایا۔



GCN جي سي اِن
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

World Christian Doctors Network WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com